سوال

(161)کسی بنک نے مجھ پر طلبہ کا صندوق پش کیا کہ ان کے اموام محفوظ رہیں، اس کے عوض بنک معونۃ(امداد) کرتا ہے تو کیا یہ جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی بنک نے طلبہ کے فنڈ کے اموال کی حفاظت کے عوض مسئولین (یعنی طلبہ) کو کچھ رقم پش کی جسے بنک والے معونۃ(امداد)کہتے ہیں اور یہ رقم دراصل وہ زائد رقم ہے جو بنک اموال کی حفاظت کے علاوہ پش کرتا ہے۔ بنک اس فنڈ کی رقم کو اپنے استعمال میں لاتا اور اس سے سرمایہ کاری کرتا ہے...کیا اس قسم کے بنک میں رقم جمع کرانا جائز ہے؟ (سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ کام جائز نہیں۔ کیونکہ یہ خالص سود ہے اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ بنک کے فائدہ کے عوض صندوق کے اموال میں تصرف کرتا ہے اور وہ فائدہ صندوق (رکھنے والے) کو دے دیتا ہے اور بنک نے اس معلوم فائدہ کا نام معونۃ(امداد) صرف فریب کاری، دھوکہ بازی اور سود کو چھپانے کے لیے رکھ لیا ہے۔ اور سود، سود ہی ہے خواہ لوگ اس کا کوئی بھی نام رکھ لیں...اور مدد تو اللہ تعالیٰ ہی سے درکار ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ